HISTORY OF INDIA.

تواریخ هند

MARSHMAN'S

HISTORY OF INDIA,

FROM

REMOTE ANTIQUITY TO THE ACCESSION OF THE MOGUL DYNASTY.

TRANSLATED INTO URDU

FOR THE AGRA SCHOOL-BOOK SOCIETY.

EDITED BY THE REV. J. J. MOORE,

SECRETARY.

CALCUTTA:

PRINTED AT THE BAPTIST MISSION PRESS.

1843.

1st *Edition*, 1000 *Copies*.

تواریخ هند

زمانه قدیم سے مغلونکے اغاز سلطنت تک

تصنیف

جان کلارك مارشمن صاحب کي

ترجمه کي گئي زبان انگریزي سے اردو میں

اور

اگره اسکول بک سوسئیتي کے حکم سے باهتمام

سیکرتري پادري جان جیمس مور صاحب کے

مطبوع هوئي

کلکته کے چهاپه خانه موسومه بپٹسٹ مشن پریس میں

١٨٤٣ ع

NOTE BY THE EDITOR.

THIS translation was presented to the Committee of the Agra School Book-Society by that well known friend to Native Education J. Muir, Esq. of the Bengal Civil Service. The translation was made, it is believed, under Mr. Muir's personal supervision; and beyond the mere duties of correcting the Press and editing the work, the writer does not consider himself responsible. He may, however, add, that while the proofs were passing through the Press, he carefully compared the Urdu version with the original English, and can cheerfully testify to its general accuracy and faithfulness. Perhaps if any fault were to be found with it, as a translation, it would be its too literal adherence to the original English. Had the translator given himself a wider latitude, he would perhaps have produced a more free and probably a more elegant version. On the whole, however, it will be found a valuable accession to the vernacular literature of the country, were it only, as it professes but to be, a translation of a valuable history into plain, perspicuous Urdu. It is due to the Baptist Mission Press, Calcutta, to state that but half of the work was printed at their Establishment, the former portion having been executed at Agra. This will account for the delay "in bringing the work out," as well as for any errors of Press incidental thereto.

The New Year,
1843.

تواریخ هندوستان کي

پهلا باب

هندوستان جسکي مختصر تواریخ لکهي جاتي هی ایشیا کے جنوبي ملکوں کے بیچابیچ میں واقع هی اُترکي طرف همالیاپهاڑ هندوستان کي حد هی دکهن کي سمت سمندر پچهم کے رخ سندہ دریا پورب کي جانب وے پهاڑ هندوستان کي حد هیں جوکه برم پوتر دریا سے لیکر راس نگریس تک محیط هیں *

اقلیم هند کي تواریخ کے تین حصے هیں یعني هندو مسلمان انگریزونکے عهدکي تواریخ هندوٴنکي تواریخ کي ابتدا اُسوقت سے هی جسکا قدامت کے سبب کچهه صحیح حال دریافت نهیں هوسکتا هي اور انتها جب که مسلمانوں نے سندہ دریا پار هوکر هندوستان میں غلبا پایا اس پر آٹهه سو برس گذرے هیں اور محمود کے وقت سے پلاسي کي لڑائي تک جوسن سترہ سو ستاون عیسوي میں هوئي تهي مسلمانونکا هي عهد تها اُس

لڑائي سے هندوستان میں انگریزونکا عمل دخل هونا شروع هوا جب سے آجتک صاحبان انگریزکا عهد چلا آتا هی هندوئنکي تواریخ بهت ابتر هی کیونکه شاید اُنکے اگلے نوشتے بهت روزونکے انقلاب زمانے سے جاتے رهے هیں یا اُنکو متقدمین مورخوں نے بدل ڈالا هی مسلمانونکے عهد کي تواریخ بنسبت اُنکي زیادہ مشرح هی مگر انگریزونکے عصرکي تواریخ بهت مفصل اور صحیح هی *

هندوستانکي قدیم وارداتوں اور راجاؤنکے بنس کے کوئي ایسے نوشتے جوکه اعتمادکے لایق هوں موجود نهیں هیں اُس زمانے میں صرف شاعر مورخ هوتے تھے اور مهندس هرایک واردات کے وقوع کے سن و سال کو مقرر کرتے شاعروں نے خیالي مبالغه باندهنے سے تواریخي حالکو غلطي میں ڈالدیا اور مهندسوں پر اعتماد اُسواسطے نهیں هوسکتا هی که اُنهوں نے اجرام فلکي کي حرکتونکا ایک فرضي سلسلا مقررکرکے اُسکي مطابق تواریخي عهدونکا شمارکیا هی هندو جو بے نهایت قدامتکا دعوي کرتے هیں اُسکي کچھه بنیاد نهیں صرف شیخي مارتے هیں یاکه اُنکے پیشواؤں نے اس بات میں کچھه حکمت رکھي هو اور قدامتکے باب میں صرف هندوهي نهیں دم بهرتي بلکه قدیم قومونمیں سے آتنس شهرکے باشندے بهي کهتے تھےکه وے چندرما سے

پہلے پیدا ہوئے اور بابل والے کیلڈی ڈیڑہ لاکہہ برس پیشترتک اپني تواریخي وارداتونکا نشان دیتے تھے چین والے بھي ایسي قدامت کا داعیہ کرتے ھیں جوکہ عقلا یا نقلا راست نہیں ھوسکتي مگر برما والونکا دعوی اس بات میں سراسر پوچ اور بیہودہ ھی اُنکي تواریخي حالات کے سامھنے ھندوئنکي تواریخي واردات آج کل کي معلوم ھوتي ھیں اُنکا یہہ قول ھی کہ اگلے زمانے میں اُنکے بزرگوں کي عمر اتنے برسونکي ھوتي تھي جتني مینہ کي بوندیں تین برس کے عرصے میں ساري زمین کے سطح پر پڑتي ھوں غرضکہ آتنس اور بابل والے اور چین کے باشندے اور برما والے سب اس بات میں ھندوئنکي طرح غلطي سے دعوي کرتے ھیں یہہ ایجاد صرف شاعرانہ مبالغہ کا ھی واقع میں کچھہ اصل نہیں رکھتے یہودیونکي تواریخ کے سوا جنکا ذکر کتاب مقدس میں ھی کسي اور قوم کے پاس دوھزار آٹھہ برس سے پہلے کي تواریخ موجود نہیں *

اھل ھند کے پنڈت جو چارجگ ٹھہراتے ھیں اُنمیں سے موجود جگ کا نام کل جگ ھی اس جگ کو ھندو کہتے ھیں کہ کئي ھزار برس سے چلا آتا ھی اور چارلاکھہ بتیس ھزاربرس تک اور رھیگا دواپر جسکے بعد کل جگ آیا اُنکے حساب کے موافق آٹھہ

لاکهه چونسٹهه هزار برس کا تها اور تریتا جوکه دواپر سے
پہلے تها کل‌جگ اور دواپر دونوکي برابر تها یعنی باره لاکهه
چهیانوے هزار برس کا اور ست‌جگ جوکه سب سے
اول تها اسکو کل‌جگ سے چوگنا بتلاتے هیں یے چاروں
جگ ملکر تینتالیس لاکهه بیس هزار برس کي برابر هیں
اور شاستروں سے یهه بات بهي دریافت هوتي هی که
ایک کلپ جوکه هندؤں نے ایک خیالي زمانا مقرر
کرلیا هی اُسمیں اِن چاروں جگونکے کل برسوں‌کي برابر
ایک هزار زمانے هوتے هیں ظاهر هی که یے سب
رقوم ستارونکي گذشته حرکتونسے علاقه رکهتے هیں زمین
پرکي وارداتوں سے کچهه نسبت نهیں هندو مهندسوں نے
حساب کیا که جب یے جگ پورے هوتے تهے
تب ستارے کسي خاص طور پر همقران هوتے هیں
اسواسطے اُنهوں نے اُن جگوں‌کو دنیاکي تاریخ ٹههرایا
چونکه یے مهندس هندؤنکے اهل مذهب بهي هوتے تهے
اور بهت سا اختیار رکهتے اور عام لوگ جاهل تهے
اِس سبب اس حساب کي کوئي پرسش نهیں کرتا تها اور
اسکا مان لینا مذهب کا ایک قاعده مقرر هوگیا بلکه
شک لانا کفر اور گناه گنا جاتا *

مگر ظاهر هی که یهه حساب سنوں اور تاریخونکا
اتنا قدیم نهیں هی بلکه جب سے هندؤنکا مذهب اگلے

طریقه سے بدل کر حال کے طور پر ٹھہرا ھی تب سے یہہ
حساب جسپر که طریقه حال مذهب کا بہت منحصر ھی
شروع هوتا ھی اور اب کے مذهب کا دستورالعمل اس
قاعدہ پر بنا ھی که جاهل لوگ مبالغے سے تعجب
میں آجاویں اگر اُن تواریخوں میں مبالغه سمجھا
جاوے تو بیشک یقین کرنا چاهیئے که هرایک اور
بات بھي ایسیہي بے ٹھکانے ھی انسانکي عمر حد سے
حد سو برس سے کچھه اوپر هوسکتي ھی مگر شاستروںسے
دریافت هوتا ھی که پہلے زمانے میں لوگوںکي عمر دس
هزار برس سے بھي زیادہ هوتي تھي بعضے آدمیوںکي اولاد
جو کثرت سے هوتي ھی تودس پندرہ لڑکوں سے سوا
نہیں هوتے پر هندوؤںکے مورخ کہتے هیں که
سگر بادشاہ کے ساٹھه هزار لڑکے تھے جوکه ایک کدو
میں پیدا هوئے اور دودہ کے کڑاهوںمیں پرورش
پائي آخر ایک مني کي بددعا سے جلکر خاکستر هوگئے
خدا نے آدميکو دو بانہیں اور ایک چہرہ دیا ھی لیکن
هندیکے شاعر فرماتے هیں که بعضے بعضے شخصوںکي
بیس بھجا اور دس منهه تھے اهل یورپ جهاز میں
بیٹھه کر دنیا کے چوگرد پھر آئے هیں اور هرایک دنکي
مقدار رفتارکو محسوب کرتے گئے اُنکو معلوم هوا که
زمین گول ھی اور اُسکا دایرہ کچھه اوپر اکیس هزار

میل هی مگر هندؤنکی کتابوں سے واضح هوتا هی که
زمین اس سے چالیس حصه زیاده بڑي هی ازروے
پیمایش کے دریافت هوا که دنیا میں حد سےحد اونچا پہاڑ
کچهه اوپر پانچ میل سے زیاده بلند نہیں هوتا الا هندو
شعرا کہتے هیں که سومیرو پہاڑ چهه لاکهه میل اونچا هی
اگرچه اُن شاعرونمیں سے کسي نے اسے کبهي ناپا تو کیا
بلکه دیکها بهي نہیں هی اس وجوہات سے معلوم هوتاهی
که هندؤنکي شاستروں میں سنو نکے شمار میں آدمي کي
اولاد و عمر زمین کے طول و عرض کے بیان پہاڑونکي
بلندي کے ذکر میں بلکه انسانونکے اعضا کي تعداد میں
بهي اسیقدر مبالغه هی جس سے ایک بات کي صحت کا
حال دوسري بات کي راستي یا ناراستي پر خیال کرنے سے
آشکارا هوجاویگا اگر پہاڑونکي بلندي کا حال جو هندو
بیان کرتے هیں درست هو تو اُنکے سال کا شمار بهي
صحیح ٹهہر سکتا هی اورجو زمین پر جسکا قطر آٹهه هزار
میل سے بهي کچهه کمتي هی ایسے ایک کوه کي گنجایش
واقعي هو جوکه چهه لاکهه میل اونچا اور ایک لاکهه
اٹهائیس هزار میل زمین کے نیچے گهسا هو تو اُنهوں نے
جو چاروں جگونکي تعداد لکهي هی وه بهي اعتماد کے
لایق هوسکتي هی اور اگر سومیرو پہاڑ کي بلندي اتني
نهو جتني که وے بیان کرتے هیں تو اُنکے سنونکا شمار

بھي جوكه پرانوں ميں هى سراسر افسانه اور غلط هوگا اس لئے اسپر كچهه اعتماد نہيں هوسكتا هى اور اگر اس بات كے ثبوت كے واسطے كوئي اور وجهه ضرور هو تو يهي دليل كافي هى كه هندوئنكا حساب اور ملكونكے حساب سے جنكي كه ابتدا كے نوشتے صحيح اور معتبر همارے پاس موجود هيں مطابق نهيں هوتا مگر چاروں جگونكي حقيقت اتني معلوم هوتي هى كه تواريخ ميں ايسے چار زمانے واقع ميں تهے ليكن ايک غلطي اسميں هى جوكه انكے تئيں اتنا طول طويل خيال كرتے هيں اور دوسري قومونكي طرح هندو بهي سهوليت كے واسطے اپني تواريخ كو كئي عهدوں ميں تقسيم كرتے هيں مگر بسبب اسكے كه هندو اُن عهدونكا بےنهايت قدامت سے شمار كرتے هيں انكي صحيح مدت دريافت كرني مهامشكل هى بنتلي صاحب جوكه شاسترونكے سال و تاريخ كي تحقيق كرنے ميں بهت كوشش كرتا تها يهه بات خيال كرتا هى كه متاخرين برهمن جگوں كو بهت پهلے سے شمار كرتے هيں صاحب موصوف كهتا هى كه ست جگ نوح كے طوفان سے ليكر سنه عيسوي سے پندره سو انهائيس برس پيشتر تک تها اور تريتا جگ اس سن سے ليكر حضرت عيسىٰ سے نوسو ايک برس پهلے تک رها اور اس سال ميں دواپر جگ شروع هوا اور قبل پانسو چاليس عيسوي كے آخر هوا

اور اس سن سے لیکر حضرت عیسیٰ سے دوسو ننانوے برس پہلے کل‌جگ تھا اگرچہ یہہ حساب صحیح معلوم هوتا هی مگر اهل یورپ جوکه ایسي باتونکو اکثر تحقیقات کرتے هیں اُسپر بھي یقین نہیں لاتے اگرچه اِس حساب‌کي صحت میں شبهه واقع هی پھر بھي همکو ضرور هی که اور ملکونکے صحیح حساب سے هندوئونکے حساب‌کو مطابق کریں چنانچه یہود اور بابل‌کے باشندوں اور مصري اور یونانیونکي اگلي تواریخ سے ایسي باتیں دریافت هوسکتي هیں جوکه اعتماد کے لایق هوں اور جنسے معلوم هوسکے که وے لوگ طوفان کے بعد کسوقت آباد هوئے تھے اور یہه بات قیاس کے قابل نہیں هی که هندوستان ان سب سے پہلے آباد هواهو کل‌جگ کي جو هندوئں نے تعداد لکھي هی وہ طوفان کے بعد جو اور قومیں بسي‌هیں اُنکي صحیح تاریخونکے قریب المطابق هی اس سبب هم هندوئنکے کل‌جگ کے حساب‌کو صحیح مان سکتے هیں اور اسیواسطے تمام وارداتیں جنکا وقوع هونا هندوئں نے اور جگوں میں ٹھہرایا هی سب کل جگ میں واقع هوئي هیں اکشواکو اور سگر اور راما اور جدهشترکي سلطنتیں اسهي جگ میں تھیں *

هم اس بات‌کا اقرار کرتے هیں که باوجود تلاش بیشمار کے هندوستان کي تواریخ کا حال جوکه هندوئنکے

عہد سے علاقہ رکھتا ھی صاف اور صحیح کھل نہیں سکتا ھندوستان کو ھندو بھرت کے نام سے جسکو کہتے ھیں کہ تمام ھندوستانکا راجا تھا بھارت ورشا بولتے ھیں اس بات میں شبہہ ھی کہ بھرت سارے ھندوستان پر مسلط ھو مگر یہہ ممکن ھی کہ وہ ھندو راجاؤں میں اول مشہور اور نامي راجا تھا مگر اسکي تحقیق ھونے سے کچھہ کام نہیں نکلتا ھی کیونکہ ھندو کہتے ھیں کہ بھرت نے دس ھزار برس تک سلطنت کي اور مرنے کے بعد ھرنکي صورت پکڑي انکي تواریخ میں ایسے ایسے قصے و افسانے بھرے ھیں اگر ھم انکي بادشاھي نسل اور خاندانوں کے حال کو بالکل غلط مانیں تو ھمیں اس زمانے کا کچھہ تواریخي حال دریافت نہوگا اور اگر ھرایک راجے کي سلطنت کے عہد میں کئي کئي ھزار برس کم کردیں تو پھر بھي ھمیں کچھہ تواریخ کي صحت اور راستي کے دریافت کرنے کا وسیلہ بہم نہ پہنچیگا ھندي تواریخ میں صرف دوچار وارداتیں اور دو چار نام مل سکتے ھیں جنپر کہ ھم خوب اعتماد نہیں کرسکتے اور جنکے وقوع کي صحیح تاریخ اور مناسبت نہیں ٹھہرا سکتے ھیں ھمیں صرف شبہہ اور شک کے بحر میں غرق ھونا پڑتا ھی ھرایک بات کہاني و قصہ ھی آخرالامر ھمیں اپنے خیال اور قیاس پر قناعت کرني ضرور ھوتي ھی اگر ھم کوئي

ایسي واردات دریافت کرتے هیں تو خیال میں آتا هی که اسمیں سے مبالغه دور کردیں پهر فورا یهه دهیان گذرتا هی که اس‌کو اور کون سي واقعات سے متعلق جانیں یهه بات بهت عجیب هی که باوجودیکه هندؤنکي زبان ایسي صاف و شسته و مکمل هی اور انکي کتابیں شاید ساري دنیا کي کتابوں میں قدیمي هیں پهر بهي انکے پاس کوئي ایسا تواریخي نوشته موجود نهیں‌هی جو قابل اعتماد هو سکے *

هندوستانکي تواریخ میں پهلي بات پونچهنے‌کے‌لایق یهه هی جو لوگ که هندو مذهب هیں هندوستانکے اصل متوطن هیں یا نهیں اور اس سوال‌کا جواب ان باتونسے جوکه روز دیکهنے میں آتي هیں حاصل هوجاتا هی اس میں کچهه شک نهیں هی که زمین کے اصل باشندے طوفان کے بعد سنده دریاکي پچهم کے اُن ملکوں کے آس پاس بسے جهاں که حضرت نوح‌کي کشتي تههري تهي اور اُنمیں سے لوگ اُتهه‌کر دنیا کي الگ الگ اقلیمونمیں جا کر رهنے لگے هندؤنکي تمام تواریخوں سے بهي واضح هوتا هی که پچهم‌کي طرف سے هندوستان میں‌لوگ همیشه آیا کرتے تهے هندوستان کے اصلي باشندے هندو نه تهے اور پهلي بهتیري قومیں جوکه وحشي آدمیونسےکچهه کچهه بهتر هیں نربداسون اور مهاندي کے جنگلوں میں اور

سرگوجا کے پہاڑوں اور چھو ٹےناگپورکے کوهستان وغیرہ میں اب تک موجود هیں چنانچہ بهیل گونڈ مینے کول اور چوہاڑ کہلاتي هیں وے ایسي ایک بولي رکھتے هیں جوکہ سنسکرت سے کچهہ نسبت نہیں رکھتي اور انکا مذهب بهي هندوئں کے مذهب سے علیحدہ هی جب کہ غیر ملک والے هندوستان کو فتح کرتے گئے تب اصل باشندے پہاڑوں اور جنگلوں اور گهاٹوں میں بهاگ کر چلے گئے اور وہاں باوجود تبدیل زمانہ اورگردش روزگار کےجوکہ باقي هندوستانیوں پر همیشہ آتي رهتي تهیں اُن جنگلیوں کي گفتگو ویسيهي بےمحاورہ رہ گئي اور انکي راہ و رسم اور دین بهي نہ بدلنے پائے اور جب سے پهر کبهي اور هندوستانیوں سے نہ ملے *

اگرچہ ظاهر میں هندوستان کے اصلي باشندے هندو نہیں لیکن یہہ بات بےشک هی کہ انهوں نے هندوستان کو سب سے پہلے فتح کیا تها اُنکے هندوستان میں آنے کي تاریخ کو اب تلاش کرنا لاحاصل هی مگر وے بهي چند مدت بعد جب کہ لوگونکو شعور آنے لگا پچهم کي طرف سے آئے اور سندہ دریا کے پار هوکر هندوستان کي اُترکے ضلعوں میں پهیل گئے رفتہ رفتہ اسهي طرف سے اور لوگوں نے آباشروع کیا جنکا مذهب شاید پہلونکے طریقہ سے برخلاف تها اور ان دونو

مذهبوں کي آميزش سے هندؤنکا شاستر بنا اگر هم يهه
بات نه قرار ديں که هندوستان میں غير ملک والے سب
ايکدفعه نه آئے بلکه مدتونکے فرق سے آکر بسنے لگے تو
ذاتو نکے تفاوت کا سبب دريافت کرنا بهت مشکل هوويگا
يهه بات دريافت هوتي هي که ابتدا میں هندو صرف
اُترهي کي طرف راج کرتے تهے اگرچه وے اکثر دکهن
پر بهي چڑهائي کرتے ليکن بهت مدت تک اُن ملکونکو
جوکه نربدا کي سمت دکهن کو واقع هیں اپنے قبضه میں
بخوبي نه لاسکے اس بات کي صحت اهل هند کے نوشتونسے
خود ثابت هوتي هي يهه ظاهر هي که جس زمانے میں منوکي
دهرم شاستر تصنيف هوئي تهي تب هندي سلطنت صرف
اترهي میں تهي شاستر میں لکها هي که اُترديوتونکا اور
اشراف آدميونکا مقام هي يعني هندؤنکا اور باقي هندوستان
مليچ يعني قديمي باشندوں کا ملک هي وے چاروں مقام
جوکه شاستر سے معلوم هوتا هي که چاروں جگوں میں
متبرک تهے اُترهي میں هیں اگرچه حال میں دکهن کي طرف
بهي بهتيرے ايسي مقام هیں جوکه نهايت مقدس خيال
کئے جاتے هیں جن بادشاهي خاندانوں نے که بهت مدت
تک هندؤں پر حکومت کي اُنکا پاے تخت هندوستان کے
اُن هي حصوں میں تها جهانکه درياے کنگ بهتا هي يے
باتیں اُن لونگونکے کلام کي بهت مويد هیں جو کهتے هیں

که هندوٴں نے هندوستان کے جنوبي ملکوں کو شمالي ملکوں کي بہت مدت کے بعد فتح کیا اگرچہ ایسا واضح هوتاهی که هنود نے اُن ملکونکو جوکه نربدا کي دکهن کو واقعه هیں چندرگوپت اور بکرماجیت کے عہدوں کے درمیان قبضے میں کیا مگر پهر بهي اسکي خوب صحت نہیں هی ٹاڈ صاحب نے راجستهان کي تواریخ میں لکها هی اور اور مصنف بهي کہتے هیں که دو هزار برس گذرے هونگے که ایک نئي قوم کے بہادروں نے جنکو که اگنيکول کہتے پہلے شمالي هندوستان کو فتح کیا اور هندوٴنکے راجا شکست پاکر نربدا پار اُتر کے دکهن کي طرف آباد هوئے اور جدید سلطنت کي بنیاد ڈالي معلوم هوتاهی که جس عصر میں که مہابهارت اور رماین بنائي گئي تهیں تب تک هندو دکهن کو خوب طرح سے نہیں جانتے تهے اسکو کہاني میں سنا کرتے اور بندرونکے رهنیکي جگهه خیال کرتے جسمیں که سردار اور سپه سالار هوتے تهے اور وهاں ریچهونکے سردار اور راکسوں کے بادشاه رهاکرتے اس بات سے ثابت هی که جنکو ان کتابوں میں بندر اور ریچهه اور راکس ٹهہرایا وے اُتر کے رهنے والونکي نسبت هندوٴنکے مذهب میں پیچهے آئے *

هندوٴں کي بعضی تواریخوں سے معلوم هوتا هی که بهرت کهنڈ میں پہلے دس ملک تهے پہلا سرسوتي کا ملک

جسمیں که پنجاب هی دوسرا قنوج جسکے دهلي آگره
سري‌نگر اور اوده متعلق هیں تیسرا ترهوت جوکه
کوسي ندي سے لیکر گندک تک هی چوتها گوریا که
بنگالا اور تهوڑاسا ملک بهارکا پانچواں گذارا جس میں
گجرات اور تهوڑا خاندیس.اور مالوےکا ملک ملا هی
چهٹها انکل یا اوڑیسه اور ساتواں مهاراشت یامرهٹونکا
ملک آٹهواں تلنگانا جوکه گوداوري اور کرشنا ندي کے
بیچ میں واقع هی نواں کرناٹا جوکه کرشنا ندي کے جنوب کو
اور گهاٹونکي اُتر طرف هی دسواں دراورا یا که تامل کا
ملک هی اس تقسیم کي مطابق اُن ملکونکي دس شسته و
رفته زبانیں بهي لکهي هیں یعني پراکرت هندي
میتهیلا گور یا بنگالي گجراتي اوڑیا مرهٹے
تلنگاني کرناٹکي تاملي *

ان سب زبانونکو بلکه اور جتني زبانیں که هندوستان
میں بولي جاتي هیں سب‌کو سنسکرت سے نکلا هوا کهتے هیں
هندوئنکي تواریخ میں یهه بات دریافت کرني بهت
ضرور هی که سنسکرت کي اصل کیا هی اور هندوستانکي
اور زبانونسے کیسي نسبت رکهتي هی بعضے کهتے هیں که
هندوستاني عام محاورونکو درست اور مکمل کرنے سے
سنسکرت بني لیکن یهه بات اس سبب سے سچ نهیں
معلوم هوتي که اُتر اور دکهن کي زبانیں آپس میں بهت

فرق رکھتي هيں پس جس لہجے کي ترکيب ميں اتنا تفاوت هو اُس سے ايک افضل زبان مرکب نہيں هو سکتي جوکه تمام هندوستان اور دکھن کي انتہا تک بالاتفاق لوگونکي سمجهه ميں آوے اور اگر سنسکرت هندوستان کي ديسي زبانونکو درست اور مکمل کرنے سے مرکب هو جسميں که مذهب کي پوشيده باتيں لکهي جاتي تهيں تو يهه بات خيال ميں نہيں آسکتي جس حال ميں که وه عام لوگونکي بات چيت سے ايک مدت تک مطابقت رکهتي هو تو وه عام لوگونسے ابتک کيونکر بچي رهي اگر سنسکرت هندوستاني عام گفتگو سے نکلي هو تو چاهيئے که سنسکرت کي قديمي سب کتابونکي زبان عام بول چال سے بهت مطابق هو اس لئے که وے کتابيں جب بنيں تهيں تب که سنسکرت تهوڑي مدت سے مرکب هوئي اور ان زبانونسے بهت ملتي تهي مگر اصل حال يهه هی که سنسکرت کي سب سے پراني کتابيں يعني بيد شاستر پچهلي کتابونکي نسبت عام زبانوں سے کم موافقت رکهتی هيں چنانچه پچهلي سنسکرت اور مکمل بنگالي زبان ميں بهت مشابهت هی *

يهه قياس غالب تر هی که هندوستان اور دکهن ميں برهمنونکے آنے سے پہلے دو يا تين اصلي زبانيں رايج هونگي اور انميں سے ايک زبان بنگالي هندوستاني

مرهٹے گجراتي اور اُوڑيا زبانسے جوکه هندوستان کے شمالي ضلعوں ميں بولي جاتي تهيں اور جو آپسميں بهت ملتي هيں مرکب هوگئي اور دوسري اصلي زبان تلوگو و تامل اور کرنائکي اور دکهن کي زبانونسے جوکه آپسميں يکساں هيں مرکب هوگئي جب که برهمن سندھ دريا کے پار هوکر هندوستان ميں داخل هوئے تب غالب هي که وے اپنے ساتهه اپني زبان بهي ليئے آئے اُنهوں نے جلديسے اُتر کي طرفوں ميں پهيل کے هندوونکا مذهب اور لب و لهجه رايج کرنا شروع کيا سنسکرت انکے مذهب کے ساتهه منتشر هونے لگي اور انکي اتني کوشش و محنت سے هندوستان ميں اسکو متبرک سمجهنے لگے اورتاکه لوگ برهمنونکو بزرگ جانيں اور انکے مذهب کو مقدس خيال کريں اسليئے انهوں نے عوام الناس کو سنسکرت پڑهنے سے ممانعت کي بعضے کهتے هيں که سنسکرت پڑهنا عام کو منع نهيں بلکه صرف مذهبي کتابيں جوکه سنسکرت ميں لکهي هيں ليکن يهه خيال کرنا ضرور هي برهمنوں نے عام لوگونکو بيدونکا پڑهنا منع کرديا اور سنسکرت کي صرف و نحو کي کتابونکو جنهيں بياکرن کهتے هيں بيد ميں کا ايک جز ٹههرايا اس حکمت سے خلق کو سنسکرت کي ابتدا سيکهنے سے بهي محروم رکها ليکن جتناکه برهمن اور لوگونسے مخلوط هونے اور ملنے جلنے لگے اتنا هي الفاظ انکي

زبانکے جنکوکه وے همیشه درست کرتے جاتے تھے عام لوگوں
کي زبان کے ساتهه استعمال میں آنے لگے چونکه هندوستان
کے شمالي ضلعوں میں هندوٴنکا مذهب ابتدا میں پهیلا تها
اور جنوبي ملکوں میں بهت مدت کے بعد اس لیئے شمال
کي اصلي زبانونسے سنسکرت کے الفاظ ایسے وصل هو گئے که
آخرش انکي اصلي ترکیب بدل گئي اگرچه اکثر الفاظ جوکه
اب ان زبانونمیں موجود هیں اصل میں دیسي معلوم
هوتے هیں اس سبب اترکي زبانونمیں صحیح کتاب
بنانے کے واسطے اکثر سنسکرت کا جاننا ضرور هی لیکن
دکهن میں جو هندوٴنکي سلطنت اُترکي نسبت تهوڑي
مدت سے رایج هوئي لهذا سنسکرت کے الفاظ دکهني
زبانونسے کم مشابهه هوتے هیں اور یهه بات کهي گئي
هی که تلوگو زبان اور اور دکهني زبانونمیں جوکه اس سے
ملتي هیں سنسکرت لفظونکا استعمال کچهه ضرور نهیں مگر
جو کچهه مذهب کي بات کا بیان کرنا منظور هو سو اسطرح
سے سنسکرت جوکه هندوٴنکے مذهب کے ساتهه هندوستان
میں آئي تو معلوم هوتا هی که اسي مذهب کے شامل
هندوستان میں پهیل گئي اور اسکے الفاظ هندوستاني
زبانونکے ساتهه مستعمل هونے لگے *

یهه زبان روزبروز اصلاح اور درستي پاتي گئي شاید
اسکا نام سنسکرت اسهي معنے کر رکها گیا هو کیونکه سنسکرت

لفظ کے معني خوب اصلاح دیا اور درست کیا ھوا ھی
ھندوئنکي اصل سوتروںنکو جو بید میں ھیں ملاحظه کرنے سے
سنسکرت کا پہلا حال دریافت ھوتا ھی اور جسطورکي
سنسکرت میں که بید لکھے ھیں وہ زبان اب ایسي متروک
ھوگئي ھی که جو شخص که حال کي سنسکرت کو بخوبي
پڑھتے ھیں وے ان بیدونکو بغیر شرح کے نہیں سمجھه
سکتے اور رامایِن اور مہابھارت سے جبسے که ھندوئنکے
مذھب نے حال کے طور پر رواج پایا ھی سنسکرت کے
دوسرے عہد کا حال معلوم ھوتا ھی اگر ھم فرض
کریں که یہه کتابیں سن عیسویسے دو یا تین سو برس
پہلے بنی ھونگي تو وہ عہد معلوم ھوویگا اغلب که جسمیں
سنسکرت زبان خوب مکمل اور درست ھوگئي تھي
کیونکه ان کتابونکي زبان ابتک بہت فصیح سمجھي
جاتي ھی اسسے قریب دوسو برس بعد بکرماجیت نے
بہت سے شاعروں کو اپنے پاس جمع کیا اور اس زمانےکو
سنسکرت کي کتابونکے تصنیف ھونے کا تیسرا عہد
سمجھا چاھیئے ظاھر ھی که پوران اسسے پیچھے بنے ھیں
اور انکے بنانے کي یہه وجهه تھي که الگ الگ مذھبي
فرقے جوکه ھندوستان میں غلبه پانے لگے انکے قول
استحکام پاتے رھیں سب سے اول پوران کے بنےکي تاریخ
ھم نہیں ٹھہرا سکتے مگرسب سے پیچھےکا پوران پانسو برس

سے زیادہ قدیم نہیں ہوسکتا ہی اگر یہہ بات پوچھی
جاے کہ سنسکرت زبان کبھی بولنے میں آتی تھی تو
اسکا جواب یہہ ہی کہ البتہ اسکا بولا جانا قریب قیاس ہی
کیونکہ قاعدہ کلیہ ہی کہ سب زبانونکو آدمی پہلے بولتے ہیں
اور پھر پیچھے لکھتے ہیں اگرچہ بعضی زبانیں مثلا لاطن
زبان اب بولی نہیں جاتی ہیں مگر بمشکل قیاس میں آسکتا
ہی کہ شاید کوئی ایسی زبان ہو جو کہ کبھی بولی نگئی
ہو رسمی سنسکرت زبانمیں ایک آدمی جوکہ بچپن سے اسکا
استعمال کرتا ہو اور زبانونکی طرحسے باتیں کرسکتا ہی
مگر صرف دقیق سنسکرت جسمیں کہ ایکہی فقرے میں
بعض اوقات ڈیڑہ سو جملے ہوتے ہیں گفتگو کے موافق
نہیں *

تواریخ ہند میں ہندوستانیونکے مذہب کا حال بھی
دریافت کرنا ضرور ہی لیکن اس ملک کی تواریخ میں
ہمکو ادراک ہوتا ہی کہ ہندوستانمیں مذہب کے مقولے
ایسے بدلتے گئے ہیں کہ ہرایک طور اور تبدیلی کے عہد
کو صحت کے ساتھہ قرار دینا ناممکن ہی ہندوستانیونکا
اصلی مذہب جوکہ بیدونسے پہلے رایج تہا اب کوہستان
کے سوا کہیں اور نہیں رہا اور صرف تہوڑیسی پہاڑی
قومیں اس پر قایم ہیں بیدونکا مذہب جوکہ ایک دفعہ
تمام ملک میں مروج تہا اب متروک ہوگیا ہی اور

برهما کي پرستش بهي جاتي رهي اور بده کا مذهب هندوستانسے ایک قلم خارج هوکر اب صرف سنگلدیپ اور مشرقي کے ملکونمیں رهگیا هی جینوں کے دین کي صرف اس مذهب کے تهوڑے سے لوگ پیروي کرتے هیں بشن کي پوجا اور خصوصا اسکے جانشین کرشن اور شیو کي جوکه پیچهے سے هونے لگي ابتک تمام هندوستان میں خوب رایج هی مگر بنگالے میں چیتنیا کا مذهب جوکه اسے بهي جدید هی مانا اور جانا هی *

سب سے پهلے هندوئنکي پرستش کا طور بیدکي مطابق تها اور اسکو بے شک اُن برهمنوں نے هندوستان میں داخل کیا جوکه پچهم سے سنده دریا پار هوکر آئے خواه کسي بادشاهکي رفاقت میں هندوستانمیں آئے هونگے یا لوگونکو اپنے مذهب میں لانےکے واسطے هندوئنکے مذهب کي بنیاد بید هیں لیکن حال کي بت پرستي اُنسے نهیں نکلي هندوئنکے دیوتاونکو تین مخلوق قیاس کرنا چاهیئے یعنی آگ هوا اور سورج جوکه خاصیتوں اور وصفونسے منسوب جانے جاتے اور انکو صرف ایک هي ذات پاک کا ظهور ٹههراتے هیں بید خصوصا مناجات و دعا اور پند سے بنے هیں جوکه پهلے صرف زباني یاد هوتے تهے هر ایک اُستاد اپنے شاگردونکو بیدونکي سوترونکو زباني سکهلاتا تها آخرکو کرشن دوئيپاین بیاس

نے جوکه هندوستان کے بادشاهونکي نسل میں تها جنے
چار برهمنوں کو انکے مرتب کرنے کو متعین کیا اور انهوں
نے چاروں بید جمع کیئے یہه متبرک کتابیں سروتي یعنے
سماعي کہلاتي هیں جس سے معلوم هوتا هی که وے
سیکڑوں برس سے سینه بسینه چلي آتي تهیں بید میں
کرشن اور لنگ کي پرستش کرنے والونکے قصونکا ذکر نهیں
لکها هی اور سواے اتهرب بید کي پچهلي فصلوں میں
جوکه اصلي نهیں اورکهیں کرشن اور راما اور بشن کے اوتار
اور پرستش کا کچهه نام بهي نهیں معلوم هوتاهی بیدونکي
بهتیري باتوں پر اب لوگ عمل نهیں کرتے انکي عیوض
اور اور باتیں اور دستور جوکه پیچهے نکلي هیں مقرر
کي گئي هیں پوران کے مذهبي دستور اور تنترونکے
رواج پانے سے قدیمي مذهب بے رواج هوگیا هی
ستاروں اور عناصر کي پرستش کي عیوض رام کرشن اور
شیوکي پرستش کرتے هیں باجودیکه هندوستان میں
بید پر یقین لانے کو فخر جانتے هیں لیکن پهر بهي
اگر کوئي شخص بید کي قدیمي باتوں پر عمل کرے تو
اسکو کافر کهنے لگیں بید کے مذهب کے بعد ظاهرا برهما
کي پرستش رایج هوئي جوکه بیدونکے مذهب کي طرح
بت‌پرستي وغیره کے طور پر نه تهي بعد ازاں سورما بهادروں
کو بجاے دیوتا کي ماننے لگے جیسے که بت پرستي کي رسم

برهما كي پرستش بهي جاتي رهي اور بده کا مذهب هندوستانسے ایک قلم خارج هوکر اب صرف سنگلدیپ اور مشرقي کے ملکونمیں رہ گیا هی جینوں کے دین کي صرف اس مذهب کے تهوڑے سے لوگ پیروي کرتے هیں بشن کي پوجا اور خصوصا اسکے جانشین کرشن اور شیو کي جوکه پیچهے سے هونے لگي ابتک تمام هندوستان میں خوب رایج هي مگر بنگالے میں چیتنیا کا مذهب جوکه اسے بهي جدید هی مانا اور جانا هی *

سب سے پهلے هندوٴنکي پرستش کا طور بیدکي مطابق تها اور اسکو بے شک اُن برهمنوں نے هندوستان میں داخل کیا جوکه پچهم سے سنده دریا پار هوکر آئے خواه کسي بادشاه کي رفاقت میں هندوستان میں آ ئے هو نگے یا لوگونکو اپنے مذهب میں لانےکے واسطے هندوٴنکے مذهب کي بنیاد بید هیں لیکن حال کي بت پرستي اُنسے نهیں نکلي هندوٴنکے دیوتاوٴنکو تین مخلوق قیاس کرنا چاهیئے یعنی آگ هوا اور سورج جوکه خاصیتوں اور وصفونسے منسوب جانے جاتے اور انکو صرف ایک هي ذات پاک کا ظهورا ٹهرا تے هیں بید خصوصا مناجات و دعا اور پند سے بنے هیں جوکه پهلے صرف زباني یاد هو تے تهے هر ایک اُستاد اپنے شاگردونکو بیدونکي سوترونکو زباني سکهلاتا تها آخرکو کرشن دوئيپاین بیاس

نے جوکہ ہندوستان کے بادشاہونکي نسل میں تھا جنے
چار برہمنوں کو اُنکے مرتب کرنے کو متعین کیا اور اُنھوں
نے چاروں بید جمع کیئے یہہ متبرک کتابیں سروتي یعنے
سماعي کہلاتي ہیں جس سے معلوم ہوتا ہی کہ وے
سیکڑوں برس سے سینہ بسینہ چلي آتي تھیں بید میں
کرشن اور لنگ کي پرستش کرنے والونکے قصونکا ذکر نہیں
لکھا ہی اور سواے اتھرب بید کي پچھلي فصلوں میں
جوکہ اصلي نہیں اورکہیں کرشن اور راما اور بشن کے اوتار
اور پرستش کا کچھہ نام بھي نہیں معلوم ہوتا ہی بیدونکي
بھتیري باتوں پر اب لوگ عمل نہیں کرتے انکي عیوض
اور اور باتیں اور دستور جوکہ پیچھے نکلي ہیں مقرر
کي گئي ہیں پوران کے مذہبي دستور اور تنترونکے
رواج پانے سے قدیمي مذہب بے رواج ہوگیا ہی
ستاروں اور عناصر کي پرستش کي عیوض رام کرشن اور
شیوکي پرستش کرتے ہیں باجودیکہ ہندوستان میں
بید پر یقین لانے کو فخر جانتے ہیں لیکن پھر بھي
اگر کوئي شخص بید کي قدیمي باتوں پر عمل کرے تو
اسکو کافر کہنے لگیں بید کے مذہب کے بعد ظاہرا برہما
کي پرستش رایج ہوئي جوکہ بیدونکے مذہب کي طرح
بت پرستي وغیرہ کے طور پر نہ تھي بعد ازاں سورما بہادروں
کو بجاے دیوتا کي ماننے لگے جیسے کہ بت پرستي کي رسم

شروع هوئي اور اس مذهب نے رامايں اور مهابهارت سے خوب استحکام پايا شايد که بده اور جينونکا مذهب اسکے بعد هوا هو اگرچه يهه بات ثابت کرني آسان نهيں هی جبسے که بيد بے رواج هوگئے اور بده کا مذهب هندوستان ميں سے خارج هوا تب سے برهمنوں نے ديوتاؤں اور ديبيونکا انتظام باندها *

دوسرا باب

هندوئنکي تواريخ سے معلوم هوتا هی که قديم سے هندوستان ميں دو خاندانونکے راجا هوا کرتے تهے ايک سورج بنسي يعنی سورج کي نسل ميں سے اور دوسرے چندر بنسي يعنی چاند کي نسل ميں سے تهے اکشوا کو جو که منونکا بيٹا تها اور جسسے سورج بنس نکلا هی کهتے هيں که پهلے وهي پورب کي طرف گيا اور هندوستانميں اپني مملکت مقرر کي اور لکها هی اجودهيا يا که اوده جوکه بهت مدت تک سورج بنس کے راجاؤنکا دارالامارة رهي اسهي نے بنائي هی اکشوا کو کے بعد هندوستان ميں بده آيا جسنے الا کے ساتهه جو اکشوا کوکي

رشتہدار تھي شادي کي اور هندوستان میں چندر بنس
کي بنیاد هوئي جنکا دارالحکومت بدھ کے وقت میں یا
چند مدت بعد براگہ تھا جسکو که اب اِلهآباد کہتے
هیں اِن دونوں خاندانونکي سرحد جو ایسي نزدیک تھي
اُسسے یہہ بات دریافت هوتي هی که سورج بنس اور
چندربنس راجونکا ملک بہت بڑا نه تھا *

کتابونسے دریافت هوتا هی که اکشواکوکي ابتدا سے
لیکر رام کے وقت تک ستاون راجا اودھ میں هوئے یہہ بات
بہت اچھي هوئي هی که هندو شاعروں نے بعضے بعضے
راجونکي حکومت کي مدت کو دس هزار برس سے بھي
زیادہ لکھاهی مگر انکي تعداد میں کچھہ مبالغه نہیں کیا
حقیقت میں اس عہد کے جتنے نوشتے که بہم هوسکیں اُن
میں سے صرف راجونکے کرسي ناموں میں البته کم تبدیلي
هوئی هی اور اسیواسطے وے هندوستانکي ابتدا کي تواریخ کا
معتبر حال دریافت کرنے کے لیئے سب سے بہتر هیں اهل
یورپ میں اکثر مورخ کہتے هیں که اکشواکو سن عیسوي
سے دوهزار برس یا که دو هزار دوسو برس پہلے هندوستان
میں داخل هوا تھا اور اکشواکو سے لیکر رام تک ستاون راجا
هوئے هیں اُنھوں نے ایکهزار برس کے درمیان راج کیا
اگرچه مورخوں کے حساب میں . کچھه اختلاف واقع هی
مگر واجبي شمار سے دریافت هوتا هی که قبل از بارہ سو

برس سن عیسوي کے راما کا عہد تھا جوکہ ہندؤنکے اُن
راجوں میں جنکے عہدکے نوشتے چنداں معتبر نہیں ھیں
سب سے پہلا تھا بنتلي صاحب نے جوکہ علم نجوم ہندي
میں بہت مشغول رھتا تھا راماکے زایچہکو جوکہ وال میکھہ
نے لکھا ھی خوب غور سے ملاحظہ کرکے اُسکے عہد
تولدکو سن عیسوي سے نوسو اکستھہ برس پہلے تھہرایاھی
مگر ہندوستانکي ابتدا کے سن و سال کے شمار میں سب
لوگونکي راے ایک بات پر متنق نہیں ھو سکتي کیونکہ
ہندوکي شاستر کا تاریخي حساب افسانہ آمیز ھی یا کہ
اس میں اختلاف ھی *

راما ہندکا پہلا راجا اور شجاعت میں مشہورتھا جسکي
مہم کو وال میکھہ کے سوا بہتیرے اور شاعروں نے بھي
لکھا ھی سورج بنسي خاندان میں چشم چراغ ھوا وہ اودہکے
راجا دسرتکا فرزند تھا راماکي شادي میتھلا کے راجاکي بیٹي
سے ھوئی تھي وہ بھي سورج بنس کي نسل میں سے تھا
راما اپني سوتیلي ماکے مکرکے سبب سے جنگل میں نکالا گیا
سو اپني راني سمیت بیابان میں چلا گیا وہانسے سنگل دیپ کا
راجا راون نامي اُسکي زوجہکو چھین کر اپني قلمرومیں لےگیا
راما معہ اپني فوج اور دکھن کے حاکمونسے کمک لیکر
راون کے ملک پر چڑھا اور سمندر کا بندہ باندہکر سنگل دیپ
کو فتح کرلیا اور راونکو مارکر اُپني راني پھر لے لي اُس

عصر میں یہہ سہم بہت بڑي دریافت هوني هی لیکن چونکه مدت دراز کے سبب وارداتیں مبہم هوجاتي هیں جسطرحسے بہت فاصله سے پہاڑ دهندلا دکهلائي دیتا هي اسواسطے اس بڑي مہم کي واقعي حقیقت اور افسانے میں تمیزکرنا نپٹ دشوار هی راماین سے ظاهرا یہه بات معلوم هوتي هی که اُسوقت میں اوده کا راجا تمام هندوستان پر مسلط تها مگر ان باتوں پر غورکرنے سے جوکه اُسمیں لکهي هیں ثابت هوتا هی که راما کے پاس بہت قلیل ملک تها کیونکه اوده سے چارمنزل پر میتهلا کے راجا کا دارالاستقامت تها همکو راماین سے یہه بات بهي پائي جاتي هی که دسرت یعنی رام کے باپ نے اشمید جگ میں جو دور دورکے راجوںکو بلایا تها انمیں کاشي یعنی بنارس کا راجا بهي طلب کیا گیا تها جسکا دارالامارت اوده سے ڈیڑه سوکوس سے بهي کم فاصلے پر تها اس سے یہه بات صاف نکلتي هی که هرچند که راما کي شجاعت کتني هي هو پر اُسکا موروثي ملک بہت تهوڑا تها اور اُسکے نام کي شہرت اسکي طاقت و قوت کے سبب سے نہیں هي بلکه بہت والمیکه کے مبالغه کے باعث سے هی راماین میں لکها هی که راما اوتار تها اور یہه لقب هندو شاعر اپنے راجونکي تعریف میں جوکه شجاعت میں مشہور هیں اکثر بولا کرتے هیں اب اس سبب سے ضرور هوا که

راما کے مخالف راچهس ٹهہرائے جاویں کیونکه دیوتا آدمي سے لڑنا بہت حقیر سمجهتے هیں یهه صرف شاعرانه بندش هی قطع نظر حال کے عہد سے سابق بهي هر ایک زمانے میں شعرا مبالغه باندهتے چلے آئے هیں *

لیکن یهه بات بیان کرنی مناسب هی که راما کا لشکر بقول هنود کے دنڈک آرین کو یا که دکهن کے جنگل کو جو کاویري ندي کے کنارے تک هی اُترگیا کہتے هیں که یهه دشت مني اور ریغي ریچهه اوربندر یعنی وحشي لوگونکي جاے سکونت تها کاویري سے پار هوکر فوج جنستهان یعنی آدمیونکے مقام میں پہنچي یهه ملک جو هندوستان کي دکهن سمت کو هی راون راجا سنگل دیپ کے تحت حکومت میں تها جسکي رعیت معلوم هوتا هی که راما کي رعیت سے زیاده هنر اور عقل رکهتي تهي جس سبب سے شاعر انکو راچهس کہتے تهے شاید بڑي تلاش اور کوشش سے دریافت هو که اُس زمانے میں هندوستان کے نہایت جنوبي ملکوں میں اُنهوں نے سکونت اختیار کي هو جو که سمندر کے اُس پار سے آئے تهے اور هنر کسب جو هندوستان کے شمالي ملک مین معلوم نہیں تهے اپنے ساتهه لائے *

چندربنس جیسا که پہلے حال لکها گیا هی بدھ سے شروع هوا جو تاتار سے که هندؤنکا قدیمي وطن هی

آیاتھا اور سورج بنس کي دونسلیں پھیلیں ایک اوده
میں راج کرتي تھي اور دوسري میتھلا یعنی ترھوت
میں لیکن چندربنس جو بده سے پیدا ھوا تھا اسکي
چھپن نسلیں ھوکر قریب سارے شمالي ھندوستان پر
راج کرتي تھیں معلوم ھوتا ھی که سورج بنس والے
مذھب کے اس دستورکو مانتے تھے جو آخرالامر
ھندوستان میں رفته رفته پھیل گیا جسکا خاص مدار
اسپرھی که برھمن دیوتاوں سے بھي بزرگ ھوتے ھیں
مگر چندربنسي ابتدا سے بده کے مذھب پر چلتے اور
برھمنونکے دیوتاونکي اصل نسل کے بیانکو بے اصل
جانتے تھے راماین اور مہا بھارت سے معلوم ھوتا ھی
که ابتدا میں چھتري اوربرھمن دونوں بزرگي کا دعوی
کرتے تھے اوراس سبب باھم اکثر کشت وخون ھوا کرتے
راما سے کئي پیڑھي پہلے سورج بنس میں ایک بڑا
زبردست جسکا نام پرسرام تھا پیدا ھوا جس نے که
چھتریونکو غارت کرکے برھمنونکو ھندوستان کي شمالي
سمت میں بہت اختیار دیا چنانچه اسکي شکرگذاري میں
برھمنوں نے اسکو دھرم اوتار خطاب دیا جو لقب که
ھرایک نیک اور فیاض آدمي کو اب تک دیتے ھیں *

مگر چھتریوں نے پھر جلد تسلط پایا اورسکرکو جو
راما کے بزرگوں میں تھا ھمالیا پہاڑ کیطرف بھگادیا

اُس زمانے کي وارداتیں ایسي واهي تباهي هیں که اُنسے کچهه مربوط حال دریافت کرنا غیر ممکن معلوم هوتا هی مگر اور حالات سے یهه بات نکلتي هی که سگر جسکے نام سے سمندر ساگر کہلاتا هی بڑا زبردست بادشاه تها جسنے که سمندر پر جهازونکے وسیلے سے بهت بڑي بڑي مهمیں سرکیں همکو معلوم هوتا هی که بهت مدت سے پورب کي طرف کے جزیروں میں هندؤنکے مذهب نے رواج پایا هی اگرچه مسلمانوں نے هر ایک جزیروں میں سے هندي مذهب کو خارج کردیا هی لیکن پهر بهي وه مذهب بالي میں جوکه جاوا کے نزدیک هی بدستور رایج هی اس چهوٹے سے جزیروں میں هندو بت پرست بهت رهتے هیں جو جاترا کرتے اور برهمنوں کو مانتے هیں جنمیں بیوه عورتیں ستي هوا کرتي هیں اس جزیرے میں مع اور دیوتاونکے سگرکو سمندرکا دیوتا قرار دیتے اور اسکي پرستش بهي کرتے هیں اسیواسطے یهه بات اغلب هی که سگرکے وقت میں هندؤں نے پہلے سمندر کے پارجاکر ان جزیروں میں اپنا دخل کیا اور اپنے مذهب کو رواج دیا هو اگرچه اُن ٹاپوؤں میں کوئي مندر گیاره سو برس سے زیاده پرانا نهیں *

بده کے پڑپوتے پیاتي کے تین بیٹے تهے اورو پورو اور یدو پہلا بیٹا کچهه مشهور نهین پوروکي اولاد پہلي

اور اسکي نسل میں سے هستي نے مہابھارت کي لڑائي سے قریب پانسو برس پہلے هستناپور کو بسایا جراسندہ جو که مگدہ کا راجا تھا اور پانڈو جو که مہابھارت کي لڑائي میں اوروں سے زیادہ مشہور هیں دونوں پورو کي نسل میں تھے اور یدو کي نسل میں دو بھائي کرشن اور بلدیو یا که بلرام جو یدھشٹر کا همعصر تھا بہت نامي هیں چندربنس کي تواریخ کا حال سورج بنس سے بھي زیادہ تاریک هی سورج بنس کے حال سے تواریخ کے ناظر کو معلوم هوتا هی که اکشواکو سے لیکر راما تک ستاون راجا هوئے مگر چندربنس کي باني کے وقت سے پانڈونکے عہد تک اس خاندان میں صرف چھیالیس پس اس حساب سے چاهیئے که کرشن اور یدھشٹر رام سے قریب دوسو برس پہلے هوئے هوں اور یہه مضمون صریح غلط معلوم هوتا هی بعضے اهل یورپ جو که هندوستان وغیرہ کي علم تواریخ سے خوب ماهر هیں ایسا خیال کرتے هیں که شاید چند دیس مکھیونکا ذکر قلم انداز هوگیا هوگا اور تاریخوں کے مقابل کرنے سے اکثروں کي راے اس بات پر متفق هی که سن عیسوي سے گیارہ سو برس پیشتر یا که راما سے سو برس بعد مہابھارت کي لڑائي واقع هوئي هوگي مگر اس شمار میں اس لیئے شبہه پڑتا هی که اسمیں لکھا هی که جب یہه لڑائي هوئي تب اودہ کي سلطنت

بگڑ گئي تهي اور قنوج كي بادشاهت ترقي پر اسيواسطے
مناسب هى كه هم راما كے وقت سے كرشن كے ظهور هونے
كو اتني مدت بعد قرار ديں جسميں كه ايك سلطنت
بگڑ كے دوسريكا قايم هونا خيال ميں آسكے *

بنتلي صاحب جسنے كه اُس عهد كے بڑے مهندس
اور پانڈونكے استاد گرگ كے حساب كو بغور ملاحظه
كيا كهتا هى كه مهابهارت كي لڑائي كو سن عيسوي كے
پيشتر پان سو پچهتر برس سے زيادہ نهيں گذرے غرضكه
هم ان اختلافات كو باهم مطابق نهيں كرسكتے هيں *

همیں لازم هى كه مهابهارت كي لڑائي كا حال
بيان كرنے سے پيشتر اطلاع ديں كه اس لڑائي سے
تهوڑي مدت پهلے بيدونكو بياس نے جمع كركے مرتب
كيا وہ ايك مچهلي والي كا بيٹا تها مگر باپ كي طرف
سے عمدہ خاندان پورو ميں سے تها اور اُس خاندانكے
كنورونكا اتاليق تها اُسنے اپني مدد كے واسطے اُس عهد كے
چار بڑے بڑے پنڈت بلائے پئيل وئي سمپاين
جي مني سومنت اور اُنكي اِعانت سے بيدونكو
جيسے كه اب موجود هيں مرتب كيا يهه بات قريب القياس
هى كه منو كي دهرم شاستر بهي اسهي عهد ميں
فراهم كي گئي هو اور اُسكے پهلے باب ميں لكها هى
كه منو نے خود دهرم شاستر كو نهيں ترتيب ديا

جیسا که بید اُن مذھبي نصیحتوں کے جوکه زباني سنتے چلے آتے تھے ایک مجموعه ھیں غالب ھی که اسھي طور پر وہ کتاب بھي جوکه منو کے نام سے مشھور ھی اُن قولوں اور غیر نوشته دستورونکا ایک مجموعه ھو جنکو که پشتین سے سینه بسینه جاري رکھا تھا اور اعتبار کے لیئے منو سے جو که ھندوُنکا اصل مورث تھا منسوب کیا *

اب ھم مہابھارت کي جدال و قتال کا حال بیان کرتے ھیں یہه لڑائي جسکي یادگاري ڈھائي ھزار برس کي مدت میں لوگوں کے دل سے نہیں بھول سکتي اور جسکے حال سے اس زمانه کے ھندو اُس لڑائی کے احوال کي نسبت زیادہ تر واقف ھیں جسکے سبب سے ھندوستان ستر برس کے عرصه کے درمیان غیر قوم اور بیگانه لوگونکي حکومت میں آیا مہابھارت کي لڑائي اُن مہمات میں بہت مشھور ھی جوکه اگلے زمانے میں ھندوستان کے بہادر کیا کرتے تھے اور جنکي یاد اور ملکونکي طرح ھندوستان میں بھي ھزاروں برس تک باقي رھتي اور اُنکا مذکور باوجود خاندانونکي تغیري اور مذھبي مقولوں کي تبدیلي کے خاص و عام کو دلچسپ معلوم ھوتا پس اسطرح دریافت ھوتا ھی که جب یہه جنگ واقع ھوئي تھي تب سورج بنس والونکے تحت تصرف میں وہ تھوڑاسا ملک تھا جوکه پہاڑوں اور گنگا کے درمیان میں واقع ھی مگر یدو کي نسل تمام

ملک میں محیط هوئي یدوکي نسل میں یهه لوگ بہت
مشہور تھے جراسندہ راجا مگدہ کا اور سارا خاندان کنس کا
جو که متھرا میں یعني دارالخلافه سورسینوں میں جسکا
ذکر دونوں بیدوں اور یونانیوں کي تواریخ میں
مندرج هی راج کرتے تھے اور سوروکي اولاد جوکه هستناپور
میں حکومت کرتي تھي مہابھارت کي لڑائي میں جس سے
که تمام هندوستان کي شمالي سمت میں زلزلا پیدا
هوا تھا سردار تھي * متھرا کے راجا کنس نے جراسندہ
مگدہ کے راجا کي بیٹي سے شادي کي اور جراسندہ کي
طاقت بہت بڑي تھي اکثر راجے اُسکے دوستدار تھے اُنمیں
سے یونوں کے راجے بھي اُسکے مددکار تھے اگرچه همکو
خوب معلوم نهیں که یونونکا کونسا راجا اُسکا رفیق شفیق
تھا مگر یهه بات ثابت هوتي هی که سندہ دریا کي
پچھم طرف کے والي اور حاکم هندوستان میں دخل و
حکومت رکھتے تھے کرشن نے جوکه یدوکي نسل میں
سے تھا کنس کو مارکر اُسکي مملکت چھین لي جراسندہ
کنس کے خونکا انتقام لینے کے واسطے متھرا پر چڑہ آیا
جسکو کہتے هیں که اُس نے اٹھارہ بار حصار کیا تھا آخرش
متھرا کو فتح کیا اور کرشن نے رفیقوں سمیت سمندر کے
کنارے کي طرف بھاگ کر دوارکا کو بسایا جب که
خیال کریں که سورسینونکي نسل شجاعت میں

کیسي مشهور تهي جنکے حق میں منونے کہا هی که
سورسینونکا خاندان لڑائي میں هرول هونے کے
لایق هی تو صاف واضح هوگا که اُنهوں نے بے شک
متهرا کے باب حفاظت میں خوب جرأت و دلیري
ظاهر کي هو *

وچترا سانتنا راجا هستناپورکا بیٹا کوئي لڑکا نه رکهتا
تها مگر تین لڑکیاں جنمیں سے ایک کا نام پنڈیا تها وه
حرم سے تهي بیاس جوکنورونکا گرو اور سانتنا کا بیٹا تها
اسکي بهتیجي اور چیلي پنڈیا سے ایک لڑکا پانڈو پیدا
هوا جو اپنے ناناکي مسند پر بیٹها پانڈو نے کنتي سے
شادي کي جو باسدیو کي بهن اور کرشن اور بلرام کي
خالا تهي اُسسے پانچ لڑکے جنکو پانچ پانڈو کہتے هیں تولد
هوئے یعني یدهشتر بهیم ارجن نکل اور سهدیو مگر
بعضے نقل کرتے هیں که نکل اور سهدیو دوسري بي بي کے
پیٹ سے تهے اور پورانسے یوں معلوم هوتا هی که اگلے
جنم کے گناهوں کے سبب کنتي اول بانجهه تهي مگر
آخرکو اُس نے دیوتاونکو افسوں کے زور سے خوش کیا اور
اُنکي دیا سے اُسکے پانچ بیٹے یعنی وهي پانچ پانڈو پیدا
هوئے وے پانڈو اپنے باپ کے نطفے سے نهیں تهے بلکه
دیوتاونکے دئیے هوئے مگر ایسامفهوم هوتا هی که اس عالي
خاندان میں کچهه غیر جایز بات واقع هوئي تهي *

هندو شاستر سے همکو یهه بهي دریافت هوتا هی که بیاس جسکا ذکر پهلے هوا هی دوسري بهتیجي امبیکا پنڈیا کي بهن سے ایک اور لڑکا اندھا رکهتا تها جسکا نام دتهراشت تها پانڈو کے مرنے کے بعد دتهراشت خود نابینائي کے سبب گدي پر نه بیٹهه سکا مگر اُسنے اپنے بیٹے درجودهن کو چهوڑکر اپنے بهتیجے یدهشتر کو هستناپور کي راج گدي پر بٹهلایا اور بعضے کہتے هیں که درجودهن هي نے راج پر قبضه کرلیا الغرض اُن چچیرے بهائیوں میں قضیئے اور جهگڑے کي اِتني نوبت پهنچي که پانچوں بهائي بهاگ کر سنده دریا کي طرف چلے گئے اُسوقت میں تمام هندوستان کے راجا کمپل نگر کي طرف اس اشتیاق سے چلے جاتے تهے که پنجاب کا راجا جوکه یدو کي نسل میں سے تها اُسکي بیٹي دروپدي کو جیت کر اُس سے شادي کریں جسکي شرط یهه تهي که جو کوئي جري و بهادر هوگا اسکو بیاهي جائیگي چنانچه ارجن نے تیراندازي کے زور سے اُسکو جیت لیا اور وه پانچوں بهائیوں کي جورو ٹهہري اس بات کو هندو مورخ اکثر چهپاتے هیں مگر یهه بات اس قیاس کي بهت موید هی که یدو کي اولاد اصل میں تاتار کي طرف سے آئي تهي جهانکه یهه رسم برملا جاریه هی بلاشک ایساهي هو *

ارجن کي فتح سے پانچوں بھائيوں کي شہرت عوام الناس
ميں زبان زد ھوگئي اور دتھراشٹر نے اُنکو پھر ھستناپور
ميں بلاليا اور جھگڑے قصے معانيکو اُسنے راج اپنے
بيٹے درجودھن اور پانچوں بھتيجوں ميں تقسيم کرديا
اسھي سبب ھستناپور درجودھن کے پاس رہا اور يدھشتر
نے اندرپرست کو جوکہ ھستناپور سے بہت دور نہيں اپنا
دارالسکونت بنايا جوکہ تھوڑي مدت ميں ازراہ شان
و شوکت کے اُسسے دعوی ھمسريکا کرنے لگا يدھشتر کي
طاقت روزبروز بڑھنے لگي آخرش غرور کے سبب اُسنے
اشوميد جسے ھندي ميں گھوڑاجگ کہتے ھيں يعنے
گھوڑےکي قرباني جوکہ تاتارکي رسم ھے ٹھہرايا يہہ جگ
ھندوستان ميں سب سے زيادہ ذي طاقت راجاکے سوا
کوئي اورنہيں کرسکتا تھا اور اشوميد کرنے والےکو
سب سے بڑا راجا يعنے مہاراج سمجھتے تھے يہہ حال سنکر
جراسندھ مگدھ کے راجاکو بہت رشک آيا کيونکہ اِس سے
اُسکےدعوي ميں کہ وہ سارے ھندوستان کے راجونميں بڑا
اختيار رکھتا تھا اشتباہ واقع ھوتا تھا خيال کرتے ھيں کہ
کرشن نے موقع پاکر اور يدھشتر کو اُکسا کر فوج ھمراہ
لي اور اپنے قديمي دشمن جراسندھ کے مارنے کے واسطے
چلا بھيم اور ارجن کو ساتھہ ليکر پہاڑونکي راہ سے پھير
کھاکر مگدھ کي دارالحکومت پر يکايک آپہنچا جراسندھ

اگرچہ سب بے خبر تھا مگر پھر بھي تین دن تک خوب لڑا آخرکو بھیم کے ہاتھہ سے مارا گیا پر بعضے ایسا کہتے ھیں کہ کرشن اور بلرام نے اسکو آرے سے چیر ڈالا *

یدھشتر اشومید جگ کي طیاري کرتا تھا اور ھندوستان کي شمالي ملکونکے راجہ اس میں بلائے گئے تھے مگر اس گستاخي سے کوروونکو جو عمدہ خاندانمیں سے بڑے بیٹے کي نسل میں تھے بہت رنج اور طیش ھوا چونکہ درجودھن زور سے مزاحمت نکرسکا اسلیئے اُسنے ایک فریب نکالا اُسکو معلوم تھا کہ یدھشتر قماربازي کي طرف بہت مایل ھی لہذا اُسنے اُسکو کھیل میں مصروف کیا اور درجہ بدرجہ اُس سے دانولگواتا گیا یہاں تک کہ یدھشتر نے پہلے اپني راني کو اور پھر اپنے راج کو دانو پر چڑھا دیا اور یے سب ایکدفعہ میں ہار گیا پھر درجودھن نے اُسے بارہ برس تک جلاوطني میں رکھا یدھشتر اور اُسکے چاروں بھائي کرشن اور بلدیو سمیت ھندوستان میں سرگرداں رہے اور ھرایک جگھہ پر اپني بہادریکا نشان دکھاتے گئے *

جب کہ بارہ برس تمام ھوئے تب جمنا کے کنارے پر آئے اور یدھشتر نے اپنے راج کا دعویٰ کیا درجودھن نے اس درخواستکا جواب بہت حقارت کے ساتھہ دیا اور کہلا بھیجا کہ ایک سوئي کي نوک کي برابر بھي زمین

یدھشترکو نہیں ملیگي اسیواسطے لڑنےکے سوائے یدھشترکو کوئي اور تدبیر نہ سوجھي *

اس بڑي لڑائي میں جوکہ کلوچھتر میں ھوئي تھي جھانکہ ھندوؤ نکے سب سے پچھلے راجا کو مسلمانوں نے شکست دي تھي تمام چھپن نسلیں یدوکي دونوں طرفوں میں بٹي ھوئي تھیں یدھشتر اور اُسکے بھائیون نے اپني جلاوطني کي حالت میں بہت سے دوست پیدا کیئے تھے اُنکو کمک کي کچھہ احتیاج باقي نہیں رھي تھي ھمالیا پہاڑ سے لیکر سمندر تک ھرایک بڑے بڑے سردار نے اس لڑائي کےواسطہ فوج کشي کي تھي کہتے ھیں کہ یہہ لڑائي اٹھارہ دن تک قایم رھي اور دونوں طرف کے بےشمار آدمي مارے گئے آخرکو درجودھن بھي کھیت رہا اور یدھشتر نے فتح پائي لیکن جب کہ اُسنے میدان میں اپنے دوستوں اور دشمنونکي لاشیں پڑي ھوئي دیکھیں کہ سب ایکھي نسل کے تھے اور اس ھموطنونکي لڑائي میں مارے گئے تھے تب اُسکو دنیا سے بہت نفرت آئي اور اِس دنیا ناپایدارکو ترک کرنیکا ارادہ کیا پھر وہ ھستناپور میں داخل ھوا اور اپنے رشتہدار اور دشمن درجودھن کا ماتم کیا اور پریچھت ارجن کے پوتےکو اندرپرست کے تخت پر بٹھاکر آپ کرشن اور بلدیوکے ساتھہ دوارکاکو چلا گیا اس لڑائي سے اُنکي طاقت بہت گھٹ گئي تھي اُلپر جنگل کے رھنے والے

بھیلوں نے حملہ کیا اور انمیں سے ایک کے ہاتھہ سے
کرشن ایک کنول کے تالاب پر مارا گیا یدھشتر نے آپ
ھندوستانکو چھوڑنے کا قصد مصمم کیا اور بلدیوکو ساتھہ
لیکر سندہ کي راہ سے ھمالیا پہاڑکي طرف چلا گیا جہانسے
آگے ھندو مورخونکو انکا کچھہ حال معلوم نہیں ھی
وے کہتے ھیں کہ بلدیو اور یدھشتر سورگ‌کو چلے گئے مگر
یہہ بات زیادہ غالب ھی کہ وے زابلستان‌کي راہ سے
تاتارکو جوکہ اُنکا قدیمي وطن تھا چلے گئے اور وہاں
ان خاندانوں میں سے کسي خاندان‌کو بنا کیا جوکہ
پیچھے ھندوستان میں پھر آئے *

سورج بنس اور چندربنس کي تواریخ میں دو
وارداتیں یعنی مہم راماکي اور لڑائي کلوچھترکي
بہت بڑي ھیں رامایں اور مہابھارت سے جوکہ ھندوئنکے
اشعارکي کتابوں میں سب سے عمدہ ھیں انکي شہرت
قایم ھی اور شاعري‌کي خوبي سے ان دونوں بڑي
مہمونکي یاد دوھزار برس سے زیادہ میں بھي اب تک
باقي ھی رامایں جسمیں کہ راما اور راون کي لڑائیونکا
حال لکھا ھی اسکا مصنف وال‌میکہ تھا جسکو اُسکے
ھموطنوں نے ایک شہرت پایدار دي ھی کہتے ھیں کہ
وال‌میکہ نے رامایں‌کو راما کي پیدایش سے پہلے بطریق
پیشین‌گوئي کے لکھا تھا مگر ظاھر ھی کہ یہہ بات محض

افسانا هی اغلب که وال‌میکه سن عیسوي سے تین سو
برس پهلے هو اور واقع میں اسنے جو اپنے زا یچے کا بیان
لکها هی اسکي روسے یهي ثابت هی که وه اس سے پیشتر
نهوگا اور مهابهارت کو جوکه بعضونکے نزدیک پانچواں
بید هی بیاس نے لکها تها جسکو جهالت سے یا که
خوشامد سے کهتے هیں که یهي بیاس بادشاهي نسل
میں سے تها اور اسنے بیدونکو مرتب کیا تها مگر اس
بات پر یقین نهیں آسکتا هی کیونکه بید بیاس پانڈونکا
دادا تها یعنی اسر جو کرشن سے لڑا تها اسکا جو حال
بیاس نے لکها هی اس سے یهه بات نکلتي هی که
هندوستان پر سکندر نے جو حمله کیا تها اسکے پیچهے
مهابهارت لکهي گئي هوگي مگر اسکے لکها جانے کا
تحقیق زمانه دریافت کرنا مشکل هی کیونکه هندونکے
شاعر کهتے هیں که هرایک زمانے میں ایک بیاس
پیدا هوتا هی مگر ان دونوں شاعروں یعنی وال‌میکه
اور بیاس کے همعصر هونے کي وجهه کامل موجود هی
اور یهه بات بهي کچهه عجب نهیں معلوم هوتي
که وال‌میکه نے جو سورج بنس کي تواریخ لکهي اسکو
دیکهکر چندربنس کي مهمونکي تواریخ لکهنے کا بیاس کو
حوصله پیداهوا هو سچ تو یوں هی که راماین اور
مهابهارت نے سنسکرت زبان کے قاعدونکو مستحکم کیا

اور بیشک اُنهیں کے سبب سے هندوستان میں سورما اور بهادرونکي پرستش کي رسم پهیلي *

کرشن کو مرنے کے بعد دیوتا قرار دیا مگر اس بات کے وقوع کي تاریخ دریافت نهیں هوسکتي هی مهابهارت کے سبب سے اسکو بهت شهرت هوئي اور اُسکے پڑهنے سے البته اسکے دیوتا هونے پر بهت اِعتقاد آنا هوگا کرشن کي پرستش جوکه اب تمام هندوستان میں پهیل گئي هی شاید سب دیوتاونکي پرستش سے جدید هی اور حقیقت میں برهمابرتا پوران سے جوکه صرف کرشن کي تعریف میں هی معلوم هوتا هی که یهه پوران جب مسلمانوں نے هندوستان پر حمله کیا اُسکے بعد لکها گیا هی اور چارسو برس سے زیادة قدیم نهیں *

کهتے هیں که بلرام یا بلدیو نے جوکه هندوستان کا رستم تها پاٹلي‌پوتر میں ایک نئي سلطنت بنا کي اور گنگا کے کنارے پر پاٹلي‌پوترکو بسایا اس شهرنے بعدازان بهت عظمت حاصل کي اور هندوستان کے شهروں میں زیادہ‌تر رونق پائي مگر اب وہ ایسا گمنام هوگیا هی که اُسکے مقام وقوع میں شک واقع‌هی لیکن یهه بات اغلب معلوم هوتي‌هی که یهه شهر اس جگهه سے جهاں گنگا جاکے سون سے ملتي‌هی تهوڑے سے فاصلے پر واقع تها اور جهانکه اب شهر پٹنا بنا هی اس مقام سے بهت دور نه تها دوشهر